# 22308 - کیا جمع کے لیے نیت شرط ہے

**سوال**

کیا جمع کرنے کے لیے نیت شرط ہے ؟
کیونکہ بہت سے لوگ جمع کرنے کی نیت کے بغیر ہی مغرب کی نماز ادا کرتے ہیں، اور پھر نماز مغرب کے بعد آپس میں جمع کرنے کا مشورہ کر کے عشاء کی نماز ادا کر لیتے ہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

علماء کرام اس میں اختلاف رکھتے ہیں، لیکن راجح یہی ہے کہ پہلی نماز شروع کرتے وقت نیت شرط نہیں، بلکہ پہلی نماز سے فارغ ہونے کے بعد نماز جمع کرنا جائز ہے، اگر جمع کرنے کی شرط پائی جائے مثلا خوف، یا بارش یا مرض.